The Daily LAZAWAL, Jammu

RNI Registration No.48984/86

روزنامہ
ہمیشہ آپ کے ساتھ
لازوال
جموں



04 دہشت گردی ایک عالمی خطرہ ہے: دھنکھر



12 'پاکستانی شہریوں کی معلومات فراہم کریں': میت شاہ

Volume : 40|Issue No: 106 Pages:12 | ₹ 5| Saturday 26 April, 2025 | 14 بیساکھ 2081 بکرمی | 27 شوال 1446 | 26 اپریل 2025 | سنیچروار ₹5 قیمت: 106 شمارہ نمبر: 40 جلد نمبر:

ملی ٹینٹوں اوران کے حامیوں کوکسی بھی قیمت پر بخشا نہ جائے: سنہا

لفٹیننٹ گورنر نے آرمی چیف اور آرمی کمانڈر ناردرن کمانڈ کے ساتھ سیکورٹی منظر نامے کا جائیزہ لیا

لازوال ڈیسک

سرینگر ؍؍لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے آرمی کے چیف جنرل اپیندر دویدی سے کہا کہ وہ نہ صرف پہلگام دہشت گردی کے حملے کے ذمہ داروں کو سزا دینے کیلئے موثر اقدامات کریں بلکہ دہشت گردی اور اس کے ماحولیاتی نظام کے انفراسٹرکچر کو کچلنے کی کوششوں کو بھی تیز کریں ۔ ملاقات کے دوران لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ قوم کو ہماری فوج ، پولیس

اور سی اے پی ایفز کی بہادری پر مکمل اعتماد ہے اور انہیں پہلگام دہشت گردانہ حملے میں ملوث ملی ٹینٹوں اور اوور گراؤنڈ ورکروں کی شناخت کیلئے قریبی ہم آہنگی سے کام کرنا چاہیے ۔

لفٹیننٹ گورنر نے فوج کے اعلیٰ عہدیداروں سے کہا کہ پہلگام دہشت گردی حملے میں ملوث ملی ٹینٹوں اور ان کے حامیوں کو کسی بھی قیمت پر بخشا نہ جائے اور انہیں ہمارے شہریوں کے خلاف بزدلانہ اور گھناونی حرکتوں کی بھاری قیمت ادا کرنی ہوگی ۔ میٹنگ میں سیکورٹی میکانزم، مختلف قلیل مدتی ،طویل مدتی اقدامات اور مختلف ///.....100

'اس وقت پوری قوم متحد ھے'

ہمیں وحشیانہ حملوں کے خلاف متحد ہو کر دہشت گردی کو شکست دینا ہے: راہل

لازوال ڈیسک

سری نگر ؍؍کانگریس کے سینئر لیڈر اور پارلیمنٹ میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کا کہنا ہے کہ جموں وکشمیر کے تمام لوگوں نے پہلگام میں پیش آنے والے بہیمانہ واقعے کی شدید مذمت کی ہے اور اس وقت قوم کی بھرپور حمایت کر رہے ہیں انہوں نے کہا: 'میں سب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس وقت پوری قوم متحد ہے'۔ان کا کہنا ہے کہ پہلگام واقعے کو انجام دینے کا مقصد سماج کو تقسیم کرنا ہے ۔موصوف لیڈر نے ان باتوں کا اظہار جمعہ کو یہاں ایک مختصر پریس کانفرنس سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔انہوں نے کہا: 'میں یہاں صورتحال کا جائزہ لینے اور اپنی طرف سے بھرپور مدد فراہم کرنے کے لئے آیا'۔ان کا کہنا تھا: 'جموں وکشمیر کے تمام لوگوں نے اس بہیمانہ واقعے کی مذمت کی ہے اور اس وقت پوری قوم کی حمایت کر رہے ہیں'۔مسٹر گاندھی نے کہا: 'میں زخمیوں میں سے ایک زخمی سے ملا، باقی زخمیوں اور ان کے اہلخانہ سے نہ مل سکا کیونکہ وہ واپس چلے ///.....101

امن کے دشمنوں کو شکست دینے کیلئے اتحاد ناگزیر: سید محمد الطاف بخاری

عوام سے فرقہ پرست عناصر کے باوجود اپنے اعلیٰ اقدار کو اپنائے رکھنے کی تلقین کی

لازوال ڈیسک

سرینگر ؍؍اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ''بعض فرقہ پرست عناصر کے اُکسانے کے باوجود ہمدردی اور مہمان نوازی کے اپنے دائمی جذبات اور اعلیٰ اقدار کو قائم رکھیں۔'' انہوں نے کہا کہ ''سیاحوں کی ایک بڑی تعداد نے پہلگام میں رونما ہوئے بہیمانہ واقعہ کے باوجود وادی میں قیام کر کے دہشت گردوں کو منہ توڑ جواب دیا ہے۔'' سید محمد الطاف بخاری نے اپنے ایک بیان کہا،''مجھے یہ کہتے ہوئے بے حد ////.....102

انڈس واٹر ٹریٹی پر پابندی سے شمال مغربی ہندوستان کو فائدہ ہوگا

فیصلے پر عمل درآمد کے لیے اعلیٰ سطح پر میٹنگوں کا سلسلہ جاری؛ پورے خطے میں نہروں کا جال بچھانا ہوگا

یو این آئی

نئی دہلی ؍؍سندھ آبی معاہدے پر پابندی سے پنجاب، ہریانہ، دہلی، راجستھان، گجرات اور مغربی اتر پردیش سمیت پورے شمال مغربی ہندوستان کو فائدہ ہوگا،لیکن اس کے لیے پورے خطے میں نہروں کا جال بچھانا ہوگا۔جموں وکشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد مرکزی حکومت نے پاکستان کے ساتھ 1960 سے جاری پانی کے معاہدے کو فوری طور پر روک دیا ہے اور متعلقہ ڈیم سے پانی کو پاکستان کی حدود میں جانے سے روک دیا گیا ہے۔اس کے لیے وزارت آبی توانائی کی سیکریٹری دیوشری مکھرجی نے پاکستان کو ایک خط کے ذریعے سندھ طاس معاہدے کو روکنے کے فیصلے کے بارے میں باضابطہ نوٹس دیا ہے۔

مرکزی وزارت آبی توانائی کے ذرائع کے مطابق ///.....103

وزیر اعظم مودی آج 51,000 سے زیادہ تقرری خط تقسیم کریں گے

لازوال ڈیسک

نئی دہلی ؍؍وزیر اعظم نریندر مودی 26 اپریل 2025 کو صبح تقریباً 11 بجے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں 51,000 سے زیادہ نئے تعینات ہونے والے نوجوانوں کو تقرری کے خطوط تقسیم کریں گے۔اس موقع پر وہ اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو سب سے زیادہ ترجیح دینے کے وزیر اعظم کے عزم کے مطابق،15 واں روزگار میلہ ملک بھر میں 47 مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔ یہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے ///....104

وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر کے رہائشیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ملک بھر میں اپنی کابینہ کے ساتھیوں کی تعیناتی کی

لازوال ڈیسک

سرینگر ؍؍حالیہ واقعات کی روشنی میں اور ملک کے مختلف حصوں میں مقیم جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والے طلباء اور کاروباری اداروں کے مابین سلامتی کے احساس کو تقویت دینے کیلئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ہندوستان کے کلیدی شہروں میں کابینہ کے وزراء کی تعیناتی کی ہدایت دی۔حکومت جموں ///....105

پہلگام حملے میں ملوث ہر فرد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا

جنوبی کشمیر میں سرگرم دہشت گردوں اور اعانت کاروں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

یو این آئی

سری نگر ؍؍جنوبی کشمیر کے حساس اضلاع شوپیاں، پلوامہ اور اننت ناگ میں سرگرم دہشت گردوں اور ان کے مقامی اعانت کاروں کے خلاف سیکورٹی فورسز نے جمعہ کے روز ایک بڑے کریک ڈاؤن کا آغاز کیا اس کارروائی کے دوران متعدد مقامات پر چھاپے مارے گئے، مکانات کی باریک بینی سے تلاشی لی گئی ذرائع کے مطابق، یہ کارروائی پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں کی جارہی ہے، جس میں 26 افراد، جن میں اکثریت سیاحوں کی تھی، جاں بحق ہوئے تھے ۔سیکورٹی ایجنسیوں کو شبہ ہے کہ اس ہولناک حملے میں جنوبی کشمیر میں سرگرم دہشت گرد گروہوں اور ان کے مقامی نیٹ ورک کا ہاتھ ہوسکتا ہے ۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ شوپیاں، پلوامہ، اونتی پورہ اور اننت ناگ میں درجنوں مقامات ///.....106

جموں کے متعدد جنگلاتی علاقوں میں دہشت گردوں کی تلاش جاری

یو این آئی

جموں ؍؍جموں کے جنگلاتی علاقوں میں سیکورٹی فورسز نے وسیع پیمانے پر تلاشی آپریشن شروع کیا ہے ۔سلامتی عملے نے ادھم پور سے لے کر راجوری، پونچھ، کشتواڑ اور کٹھوعہ تک کئی مقامات پر وسیع آپریشن شروع کر رکھا ہے ۔سیکورٹی ذرائع کے مطابق تین مطلوب دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع ملنے کے بعد علاقے کو مکمل محاصرے میں لے کر گھر گھر تلاشی اور آپریشن جاری ہے ۔ادھم پور ضلع کے گھنے جنگلات سے فرار دہشت گردوں کے ممکنہ راستوں پر مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے، جبکہ کشتواڑ کے چھاترو ///....107

پہلگام سانحہ: راہل گاندھی کی وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات

کہا ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کی یکجہتی کو کمزور نہیں کرسکتیں، بلکہ قوم مزید مضبوطی سے ابھرے گی

یو این آئی

سری نگر ؍؍لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے جمعے کے روز جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور پہلگام میں ہوئے المناک دہشت گرد حملے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کی یکجہتی کو کمزور نہیں کر سکتیں، بلکہ قوم مزید مضبوطی سے ابھرے گی ۔راہل گاندھی، جو آج صبح ہی سری نگر پہنچے، نے سب سے پہلے فوج کے 92 بیس اسپتال میں زخمی سیاحوں سے ملاقات کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔اس کے بعد وہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی رہائش گاہ پہنچے جہاں دونوں رہنماؤں کے درمیان تقریباً ایک گھنٹے تک بات چیت جاری رہی ۔ذرائع کے مطابق///.....108

جے اینڈ کے سے باہر تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کیلئے وزیر اعلیٰ کے رابطہ دفتر میں ہیلپ لائن قائم کی گئی

لازوال ڈیسک

سرینگر ؍؍پہلگام میں حالیہ دہشت گردی کے حملے کے نتیجے میں اور ملک کے مختلف حصوں میں جموں وکشمیر کے طلباء کو نشانہ بنانے والے حملوں ، حراساں کرنے اور دھمکیوں کی خطرناک اطلاعات کے پیش نظر جموں وکشمیر حکومت نے یونین ٹیریٹری سے باہر تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کیلئے فیصلہ کن اقدام اٹھایا ہے ۔اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ کے رابطہ دفتر میں طلباء کیلئے ٹول فری نمبر 18008900166 ہیلپ لائن قائم کی گئی ہے ۔یہ ہیلپ //..109

لفٹیننٹ گورنر نے 28 اپریل کو جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی اجلاس کو طلب کیا

لازوال ڈیسک

جموں ؍؍لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کو جموں و کشمیر کی تنظیم نو ایکٹ 2019 کے سیکشن 18(1) کے مطابق اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اجلاس کو طلب کیا ہے ۔جموں وکشمیر کے لفٹیننٹ گورنر کے آج جاری کردہ حکم کے مطابق قانون ساز اسمبلی کا اجلاس جموں میں 28 اپریل 2025 کو صبح 10:30 بجے منعقد ہوگا۔ سیکرٹری جے اینڈ کے قانون ساز اسمبلی کے ذریعہ جاری کردہ ایک حکم میں کہا ہے کہ جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی میں کارروائی کے طریقہ کار اور طرز عمل کے قواعد کے قاعدہ 3 کے ///.....110

ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف: شاہی امام سید احمد بخاری

دین اسلام میں کسی کو قتل پر اکسانے والے پر لعنت بھیجی گئی ہے اور اسے گناہ عظیم قرار دیا گیا ہے



یو این آئی

نئی دہلی ؍؍ملک کے موجودہ حالات اور پہلگام میں سیاحوں پر حالیہ دہشت گردانہ حملے 28 افراد کی ہلاکت سے سے انتہائی دلبرداشتہ دہلی کی جامع مسجد کے شاہی امام سید احمد بخاری نے آج قرآن کریم کی ایک آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کو قتل کرنے کے مترادف ہے جبکہ ایک انسان کی جان بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے برابر ہے ۔اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اسلام میں انسان کے خون کی کیا حرمت ہے؟ اور کسی بے گناہ کی جان کا لیا جانا غضب الٰہی کو دعوت دینا ہے ۔ دین اسلام میں کسی کو قتل پر اکسانے والے پر لعنت بھیجی گئی ہے اور اسے گناہ عظیم قرار دیا گیا ہے ۔شاہی امام نے کہا کہ آج پوری دنیا میں تشدد قتل و غارت گری ظلم اور جبر کا دور دورہ ہے ۔ تین دن پہلے پہلگام میں جو حیوانیت کا ننگا ناچ ہوا ہے اس نے ///.....111

پاکستانی شہریوں کو جاری کیے گئے ویزے 27 اپریل سے منسوخ

یو این آئی

نئی دہلی ؍؍ہندوستان نے پاکستانی شہریوں کو جاری کئے گئے میڈیکل ویزا کے علاوہ دیگر ویزا 27 اپریل سے فوری اثر کے ساتھ منسوخ کر دیئے ہیں ۔جمعہ کو جاری کردہ ایک حکم میں، مرکزی وزارت داخلہ نے کہا کہ پاکستانی شہریوں کو جاری کیے گئے طویل مدتی، سفارتی اور سرکاری ویزے منسوخ نہیں کیے گئے ہیں ۔ میڈیکل ویزوں کو بھی کچھ راحت دی گئی ہے اور یہ 29 اپریل تک درست رہیں گے ۔حکم میں کہا گیا ہے کہ اس کے علاوہ دیگر تمام زمروں میں جاری کیے گئے تمام ویزے 27 اپریل سے منسوخ کر دیے گئے ہیں ۔مرکزی داخلہ ///....112

راہول گاندھی نے لفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی

لازوال ڈیسک

سرینگر ؍؍لوک سبھا میں حزب اختلاف کے رہنما مسٹر راہول گاندھی نے آج راج بھون میں لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ان کے ہمراہ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ مسٹر کے سی وینوگوپال ، کانگریس کے ایم ایل اے مسٹر غلام احمد میر اور مسٹر طارق حمید قرہ اور راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر سید نصیر حسین بھی تھے ۔ اس ملاقات میں پہلگام میں دہشت گردی حملے کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔لفٹیننٹ گورنر نے ایکس پر پوسٹ کیا۔ لوک سبھا میں حزب اختلاف کے رہنما مسٹر راہول گاندھی ، کانگریس کے رکن پارلیمنٹ مسٹر کے سی ////.....113